A | 910

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം
## പാദവാർഷിക ആത്യന്തിക വിലയിരുത്തൽ 2026-27
## ഉർദു

ക്ലാസ് : IX

സമയം : 11/2 മണിക്കൂർ
ആകെ സ്കോർ : 40

### പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

* ആദ്യ 15 മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
* ചോദ്യങ്ങളും നിർദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവം വായിച്ച് എല്ലാ ചോദ്യങ്ങൾക്കും ഉത്തരം എഴുതണം. ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.
* A അല്ലെങ്കിൽ B എന്ന് ചോയ്സ് നൽകിയ ചോദ്യങ്ങളിൽ, ഏതെങ്കിലും ഒരു ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരം എഴുതിയാൽ മതി.

**1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔** **4x1=4**

1 'انقلاب زندہ باد' کس کا نعرہ ہے؟ 1

(علامہ اقبال، حسرت موہانی، بھگت سنگھ، پریم چند)

2 دیواروں سے مل کر رونا اچھا لگتا ہے

ہم بھی پاگل ہو جائیں گے ایسا لگتا ہے

بچو، اس کا شاعر کون ہے؟ 1

(غالبؔ، اقبالؔ، قیصرالجعفری، اسماعیلؔ میرٹھی)

3 بچو، ان میں سے ڈراما 'انصاف' کا کردار کون ہے؟ 1

(آنند، لڑکی، وزیر، فریادی عورت)

4 جملے غور سے پڑھیے۔

i غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔

ii غزل کا پہلا شعر مقطع کہلاتا ہے۔

iii غزل کے آخری شعر میں شاعر اپنا تخلّص استعمال کرتا ہے۔

iv غزل کا آخری شعر مطلع کہلاتا ہے۔

ان میں کون کون سے جملے صحیح ہیں؟ صحیح بیان چن لیجیے۔ 1

a) i اور ii صحیح ہے۔ b) i اور iii صحیح ہے۔

c) i اور iii صحیح نہیں ہے۔ d) ii اور iv صحیح ہے۔

**5** سے **8** تک کے سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھیے۔ **4x2=8**

5A ''آپ اونچی ذات کے ہیں اور میں نیچ ذات کی۔ میں پانی دینے کے قابل نہیں۔''

کہانی 'مساوات' کا یہ مکالمہ کون کس سے کہتا ہے؟ 2

**OR**

5B ''جہاں پناہ! میرے ساتھ انصاف کیجیے۔ مجھے انصاف چاہیے!''

ڈراما 'انصاف' کا یہ مکالمہ کون کس سے کہتا ہے؟

6 ''میں پانی دینے کے قابل نہیں۔'' لڑکی نے آنند سے ایسا کیوں کہا؟

ایک یا دو جملے میں جواب لکھیے۔ 2

7A آج کل دنیا میں جنگ ہو رہا ہے۔

بچّو، جنگ کے خلاف آواز اٹھانے کے لیے دو نعرے تیار کیجیے۔ 2

**OR**

7B 'عالمی یومِ اردو' کے جشن کے لیے اردو زبان سے متعلق دو جملے تیار کیجیے۔

8 'پیاس بجھتے ہی آنند کی جان میں جان آئی۔''

بچّو، اس جملے میں محاورہ 'جان میں جان آنا' کا مطلب کیا ہے؟ 2

**9** سے **12** تک کے سوالوں کے جواب مختصر طور پر لکھیے۔ **4x3=12**

9 میں اردو ہوں۔ میری پیدائش دہلی اور اس کے آس پاس ہوئی۔۔۔۔

دیکھیے، اردو زبان اپنے بارے میں کہہ رہی ہے۔

بچّو، آپ بھی ایک آپ بیتی تیار کیجیے۔ 3

10 عبارت پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

آنند پانی کی تلاش میں نکلا۔ تھک کر ایک پیڑ کے سائے میں بیٹھ گیا۔ پیڑ کے قریب ایک کنواں نظر آیا۔ آنند پیاس بجھانے کے لیے اس کنویں کے پاس آیا۔

(کیا، کون، کہاں، کیوں)

11A بادشاہ نے کہا ''میں قربان ہو جاؤں گا۔ لیکن عدل و انصاف کا خون نہیں ہونے دوں گا۔''

انصاف کے اہمیت سے متعلقہ بادشاہ کے اس قول پر آپ کے خیالات پیش کیجیے۔ 3

**OR**

11B آنند کہتا ہے ''میں پیاس سے بے تاب ہو رہا ہوں۔ ذات پات سے مجھے کوئی مطلب نہیں ہے۔''

بچّو، آج ہمارے دیس میں ذات پات اور سماجی نابرابری موجود ہیں۔

سماجی نابرابری کو دور کرنے کے لیے ہم کیا کیا کر سکتے ہیں؟

آپ کی رائے پیش کیجیے۔

12 غزل اردو زبان کی جان ہے اور اردو شاعری کی آبرو ہے۔

بچّو، غزل کے بارے میں آپ اور کیا کیا جانتے ہیں؟ مختصر نوٹ لکھیے۔ 3

**13 سے 16 تک کے سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ 4x4=16**

13A بچّو، آج فٹ بال کا زمانہ ہے۔ آپ کو فٹ بال پسند ہے نا؟ آپ کے پسندیدہ کھلاڑی کون ہے؟

اگر ان سے ملنے کا موقع ملا تو آپ کیا کیا سوال کریں گے؟

چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

**OR**

13B بدھ بھکشو آنند کو پانی پلا کر لڑکی خوشی خوشی گھر لوٹ آئی۔ اپنی بیٹی کو دیکھ کر امّی پوچھنے لگی۔

امّی : بیٹی! یہ کیا ہوا؟ آج اتنا خوش کیوں ہو؟

لڑکی : .........................................

امّی : .........................................

لڑکی اور امّی کی درمیاں ہونے والی گفتگو آگے بڑھایئے۔

14A ڈراما 'انصاف' آپ نے پڑھا ہے نا؟ یہ ایک انصاف پسند بادشاہ کی کہانی ہے۔

a) اس ڈراما کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ کردار کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے ایک کرداری نوٹ تیار کیجیے۔ 4

**OR**

14B کہانی 'مساوات' کمارن آشان کی مثنوی 'چنڈالا بھکشوکی' سے لی گئی ہے۔

a) اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ کردار پر نوٹ تیار کیجیے۔

15 اردو کلب کے تحت ۵؍ ستمبر کو یومِ اساتذہ دھوم دھام سے منانے کا فیصلہ کیا۔

ہیڈ ماسٹر کی صدارت میں صدرِ پنچایت یوسف صاحب پروگرام کا افتتاح کریں گے۔

بچّو، اشاروں کی مدد سے اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ 4

(اشارے: عنوان، مقام، تاریخ، صدارت، افتتاح)

16 نیچے چند معلومات دی گئی ہیں۔ ان کی مدد سے قیصرالجعفری کا سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

| | | |
|---|---|---|
| اصلی نام | : | زبیر احمد |
| تخلّص | : | قیصرالجعفری |
| والد کا نام | : | قاضی صغیر احمد |
| شہرت | : | غزل گو شاعر، فلمی گیت کار |
| پیدائش | : | ستمبر ۱۹۲۶ جونپور میں |
| شعری مجموعے | : | چراغِ حرا، رنگِ حنا، دشتِ تمنّا، سنگِ آشنا |
| انتقال | : | ۱۵؍ اکتوبر ۲۰۰۵ |